احادیث کا مفہوم ہے کہ:

"قوی مومن، کمزور مومن سے بہتر ہے"

"اللہ تعالیٰ پاکی اور صفائی کو پسند کرتا ہے، لہٰذا تم اپنے آپکو اور اپنے گھروں کو صاف رکھو اور ان میں کوڑا کرکٹ جمع نہ کرو"

قربانی (سُنت ابراہیمی) کی تکمیل

کانگو وائرس بخار سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر



ڈیپارٹمنٹ آف کمیونٹی ہیلتھ سائنسز
پشاور میڈیکل کالج، پرائم فاؤنڈیشن پاکستان

یہ مضمون پرائم فاؤنڈیشن کی ویب سائٹ prime.edu.pk پر موجود ہے اور ڈاؤنلوڈ/پرنٹ کیا جا سکتا ہے۔

- قصاب، جانوروں کو ذبح کرنے کے بعد اپنے ہاتھوں کو اچھی طرح پانی اور صابن سے دھوئیں۔
- جلد پر زخم ہونے کی صورت میں مویشیوں کو چھونے سے اجتناب کریں۔
- تیز بخار کی علامات کا احساس ہو تو فوراً قریبی ہسپتال سے رجوع کریں۔

قرآن پاک کی ایک آیت کے مفہوم کے مطابق "اور اپنے ہاتھوں سے اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو"

ہر صاحب استطاعت مسلمان پر قربانی واجب ہے اور اسکی یہ خواہش ہوتی ہے کہ وہ اچھا، صحت مند اور خوبصورت جانور اللہ کی راہ میں قربان کرے۔ ساتھ ہی اپنی صحت اور صفائی کا خیال رکھنا بھی ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے۔

اس لیے وہ ان ہدایات پر عمل کر کے نہ صرف اپنی بلکہ دوسروں کی محفوظ صحت کا ذریعہ بنے گا اور اللہ کے ہاں زیادہ اجر و ثواب کا مستحق بھی ٹھہرے گا۔

یہ بات بھی واضح ہو کہ یہ بڑا گناہ ہو گا کہ کوئی مسلمان کانگو وائرس یا اس طرح کی دوسری بیماریوں کو قربانی نہ کرنے کا بہانہ بنائے۔

ملنے کا پتہ
پشاور میڈیکل کالج پرائم فاؤنڈیشن پشاور
publicinfo@prime.edu.pk
فون: 0333-9248930 / 0300-9345311
ویب سائٹ: www.prime.edu.pk

کانگو بُخار کیا ہے؟

کانگو بُخار ایک خطرناک وائرس سے ہوتا ہے جو جانوروں اور مویشیوں پر پلنے والے چیچڑ کے کاٹنے سے پھیلتا ہے۔ یہ متاثرہ جانور یا فرد کے خون یا رطوبتوں سے بھی پھیل سکتا ہے۔ پچھلے سالوں کے گرم مرطوب موسم میں پاکستان کے مختلف شہروں میں اس خطرناک بیماری سے کئی افراد ہلاک ہوئے ہیں۔اس لیے قربانی کے دنوں میں اس کے پھیلنے کے امکانات بہت بڑھ جانے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

کانگو بُخار کی علامات

- سر میں شدید درد ہونا
- منہ اور ناک سے خون بہنا
- متلی اور قے کا آنا
- تیز بُخار
- جسم پر سُرخ رنگ کے نشانات یا دھبے
- کمر، پیٹ اور جوڑوں میں درد

بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر

عوام الناس کیلئے ہدایات

- قربانی کا جانور خریدنے سے پہلے اچھی طرح یقین کر لیں کہ اسکے جسم پر چیچڑ نہ ہوں۔(بغلیں، کان کا پچھلا حصہ، رانوں کے درمیان والا حصہ)
- قربانی کے لیے جانور دیکھتے وقت پلاسٹک کے دستانے یا چیچڑ بھگاؤ لوشن ڈیٹ لگائیں۔
- مویشیوں کو چیچڑوں سے محفوظ رکھنے کے لیے صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ (چیچڑوں کی موجودگی کی صورت میں چیچڑ مار سپرے کروائیں)
- قربانی کے دوران بچوں کو دور رکھیں اور خود بھی خون کے چھینٹوں سے بچیں۔

جانوروں کے بیوپاریوں اور قصابوں کے لیے خصوصی ہدایات

- مویشیوں پر اور انکے باڑوں / مذبح خانوں میں چیچڑیوں کو خاتمے کے لیے سپرے کریں۔
- منڈی میں آتے جاتے وقت چیچڑ بھگاؤ لوشن لگائیں۔
- جانور کو ذبح کرتے اور گوشت بناتے وقت انکے خون سے خود کو آلودہ ہونے سے بچائیں۔
- جانور کو ذبح کرنے کے بعد خون اور آلائشوں کو احتیاط سے تلف کریں۔ بہتر یہ ہے کہ زمین میں گڑھا کھود کر اس میں دفن کر دیں۔